The City School

Unified Midyear Examinations 2018-19

Since 1978

SCHOOL NAME	

INDEX NUMBER					

URDU **Dec 2018**

CLASS 6 **2 hours**

مندرجہ ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیں:

۱۔ پرچہ حل کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ آپ تمام سوالات کو غور سے پڑھیں۔

۲۔ پرچہ دینے سے پہلے ایک مرتبہ اچھی طرح پڑھ لیں۔

۳۔ پرچہ دینے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ آپ نے اسکول کا نام اور اپنا فہرست نمبر لکھ لیا ہے۔

۴۔ صفائی اور خوش خطی کا خیال رکھیں۔

۵۔ تمام سوالات حل کرنا ضروری ہیں۔

-----------------------حصہ برائے ممتحن-----------------------

	تفہیم	قواعد وانشاپردازی	کل نمبر	فیصد	گریڈ
کل نمبر	۵۰	۵۰	۱۰۰		
حاصل کردہ نمبر					

دستخط نگران-----------دستخط جانچ کنندہ-----------دستخط ممتحن-----------

Scanned by CamScanner

حصہ اوّل

کل نمبر ۵۰

تفہیم و ادبیات

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

سلطان محمود غزنوی ایک مشہور بادشاہ تھا۔ ایاز اس کا خاص خادم تھا۔ ایاز کی پر خلوص طبیعت اور اچھی عادتوں کی وجہ سے محمود غزنوی اپنے دوسرے درباریوں کی نسبت اسے بہت عزیز رکھتا تھا اور اس سے مشورہ لیے بغیر کوئی کام نہ کرتا تھا۔ بادشاہ کے اس سلوک کو دیکھ کر ساری درباری بہت جلتے تھے کہ یہ معمولی غلام بادشاہ کا اتنا پسندیدہ کیوں ہے؟ یہی وجہ تھی کہ ایک مرتبہ انہوں نے بادشاہ سے کہا: 'ایاز آپ کے ہیرے جواہرات چُرا رہا ہے اور اس کام کے لیے اس نے ایک کمرہ مخصوص کر لیا ہے۔ اس کمرے کے دروازے پر ہمیشہ تالا لگا رہتا ہے اور کوئی شخص اس میں نہیں جا سکتا۔ ایاز اکیلا دو چار دن بعد اس میں جاتا ہے اور چُرائے ہوئے قیمتی جواہرات وہاں چھپا کر تالا لگا دیتا ہے۔ در حقیقت وہ آپ کا خزانہ خالی کر دینا چاہتا ہے۔' بادشاہ کو درباریوں کی باتوں پر یقین نہ آیا لیکن پھر بھی ان کو مطمئن کرنے کے لیے اس نے حکم دیا: 'سب کے سب جائیں اور اس کمرے کا دروازہ توڑ کر جو کچھ بھی اس میں ہے وہ لے آئیں۔' دروازہ توڑ کر درباری جب اس کمرے میں پہنچے تو اُنہیں وہاں چرواہے کے پھٹے پرانے لباس اور ایسے جوتوں کے جو جھاڑیاں کاٹنے والے پہنتے ہیں، ان چیزوں کے سوائے اور کچھ نہ ملا۔ درباریوں نے اپنی تسلی کے لیے پھر زمین کھودنے کے لیے مزدور بلوائے۔ انہوں نے کمرے کی ساری زمین کھود ڈالی لیکن یہاں بھی کچھ حاصل نہ ہوا۔ انہوں نے سارا ماجرا بادشاہ کو بتایا۔ بادشاہ نے ایاز کو بلوایا اور اس سے پوچھا، 'کیوں بھئی! تم نے ایسا کام کیوں کیا؟ ایک کمرے کو مخصوص کر کے اس میں تالا ڈال کر رکھنے کا کیا مقصد ہے؟ تمہارا یہ طرزِ عمل دوسروں کو اپنے آپ سے بدگمان کرنے کے سوا اور کچھ معلوم نہیں ہوتا۔'

ایاز نے بادشاہ کو بتایا کہ میں پہلے ایک چرواہا تھا۔ جھاڑیاں اور گھاس پھونس کاٹنا بھی میرا کام ہوا کرتا تھا اور اب میں بادشاہ کا وزیر ہوں لیکن جب میں اپنا جوتا دیکھتا ہوں تو اپنے آپ سے کہتا ہوں 'ارے ایاز! تم وہی چرواہے ہو اور یہ تمہارا لباس ہے۔ آج تم یہ درباری لباس پہن کر اپنی پہلی حیثیت کو بھول مت جانا۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ تم غرور اور تکبر کا شکار ہو جاؤ۔ سلطان محمود غزنوی ایاز کی یہ بات سن کر نہ صرف خوش ہوا بلکہ اس کے نزدیک ایاز کی قدر و منزلت اور بھی بڑھ گئی، جبکہ یہ بات سن کر سارے درباری شرمندہ ہو کر بغلیں جھانکنے لگے۔

Scanned by CamScanner

س ۱۔ محمود غزنوی کون تھا؟ [۱]

ج ____________________

س ۲۔ درباری ایاز سے کیوں جلتے تھے؟ [۲]

ج ____________________

____

س ۳۔ درباریوں نے ایاز کے خلاف کیا سازش کی؟ [۳]

ج ____________________

____

____

س ۴۔ بادشاہ نے کمرے کا دروازہ توڑنے کا کیوں حکم دیا؟ [۲]

ج ____________________

____

س ۵۔ ایاز کے کمرے سے درباریوں کو کون کون سی چیزیں ملیں؟ [۲]

ج ____________________

____

Scanned by CamScanner

س۶۔ ایاز نے بادشاہ کو اصل حقیقت کن الفاظ میں بتائی؟ [۳]

ج____

____

____

س۷۔ تفہیم کے کس حصے سے پتہ چلتا ہے کہ درباری اپنے منصوبے میں ناکام رہے؟ [۲]

ج____

____

س ۸۔ تفہیم کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔ [۱]

ج____

س۹۔ درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ [۳]

ماجرا:____

____

بدگماں:____

____

غرور:____

____

Scanned by CamScanner

س ۱۰۔ دی گئی عبارت میں سے تین اسم صفت اور موصوف تلاش کر کے نیچے دیے گئے کالم میں تحریر کیجیے۔ [۳]

صفت	موصوف	صفت	موصوف	صفت	موصوف

س ۱۱۔ درج ذیل الفاظ کا انگریزی میں ترجمہ تحریر کیجیے۔ [۳]

مشورہ ____________ مقصد ____________

حقیقت ____________

س ۱۲: درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

الف: کہانی 'گم شدہ پین' میں شازیہ سے کیا غلطی سرزد ہوئی نیز نورین اور سدرہ نے اس کے بارے میں کیا فیصلہ کیا؟ [۲]

____

____

ب۔ کہانی 'زرافے کا تاریخی سفر' میں فرانسیسی سفیر نے زرافہ اپنے ملک بھیجنے کا فیصلہ کیوں کیا؟ [۲]

____

____

ج۔ 'مشینوں کا پیچ و تاب' کہانی کے مشینی کرداروں کے نام تحریر کیجیے [۲]

____

____

Scanned by CamScanner

و۔ کہانی 'چلتے ہو تو چین کو چلیے' میں مصنف نے چینی قوم کو کس خطاب سے نوازا اور کیوں؟ [۲]

ہ۔ 'حمد' میں شاعر اللہ تعالیٰ اور اس کے بندے کا فرق کن الفاظ میں بیان کر رہا ہے؟ [۲]

س۱۳: نظم 'وطن کا نشان' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ [۳]

Scanned by CamScanner

س۱۴: دیئے گئے اشعار کی تشریح بمع حوالہ تحریر کیجیے۔ [۶]

ہمیشہ ترے خاص بندے صمد	تری بے نیازی پہ کرتے ہیں ناز
مجھے اپنی طاعت کی توفیق دے	الٰہی نہ رکھ بندۂ حرص و آز

حوالہ: ____________________

____

____

تشریح: ____________________

____

____

____

____

____

____

____

____

____

____

____

____

Scanned by CamScanner

س۱۵: درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (حدِ الفاظ ۷۰ سے ۸۰) [۲]

ا۔ گمشدہ پین یا ب۔ چلتے ہو تو چین کو چلیے

Scanned by CamScanner

حصہ دوم

قواعد و انشا پردازی **کل نمبر ۵۰**

س۱۶۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھ کر عبارت مکمل کیجیے۔ [۲]

(مایوسی) کے بجائے ہمیں __________ کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ ہمیں اس بات پر یقین رکھنا چاہیے کہ ہر **(تاریک)** رات کے بعد ایک __________ صبح ضرور آتی ہے۔

س۱۷۔ واحد الفاظ کے جمع تحریر کیجیے۔ [۴]

واحد	جمع	واحد	جمع
لفظ		عمل	
قدم		عادت	

س۱۸۔ خط کشیدہ الفاظ کے مترادف لکھ کر جملے مکمل کیجیے۔ [۲]

ا۔ مشکل وقت میں ہمیں تحمل __________ سے کام لینا چاہیے۔

ب۔ لومڑی ایک چالاک __________ جانور ہے۔

س۱۹۔ قوسین میں دیے گئے مذکر الفاظ کے درست مؤنث تحریر کر کے عبارت مکمل کیجیے۔ [۲]

پچھلے ہفتے سے ہمارے قصبے میں ایک **(جادوگر)** اور __________ اپنے کرتب دکھا رہے ہیں۔ میری امی کا **(بھانجا)** اور __________ بھی اِن کے کرتب دیکھنے گئے۔ اُنہوں نے بتایا کہ یہ پانچ چھ لوگوں کا ایک چھوٹا سا گروہ ہے۔ جس میں اُن کے **(مالک)** اور __________ کے علاوہ اُن کا ایک **(ملازم)** اور __________ شامل ہیں۔

Scanned by CamScanner

س ۲۰۔ ضرب الامثال کا مفہوم تحریر کیجیے۔ [۲]

الف۔ آ بیل مجھے مار۔ ________________

ب۔ اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ ________________

س ۲۱۔ محاورات کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ اُن کا مفہوم واضح ہو جائے۔ [۲]

آٹے میں نمک ہونا: ________________

____

سر آنکھوں پر بٹھانا: ________________

____

س ۲۲۔ درجِ ذیل جملوں میں سے صفت اور موصوف چن کر متعلقہ کالم میں تحریر کیجیے۔ [۴]

جملے	صفت	موصوف
۱۔ آج کرکٹ میچ بہت دلچسپ تھا۔		
۲۔ افریقہ میں بہت سے قدیم جنگلات موجود ہیں۔		
۳۔ رحم دل شکاری نے ہرن کو آزاد کر دیا۔		
۴۔ مثالی طالب علم بننے کے لیے محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔		

س ۲۳۔ سابقوں کی مدد سے دو دو نئے الفاظ بنائیے۔ [۲]

سابقے	نئے الفاظ	نئے الفاظ
ان		
لا		

Scanned by CamScanner

س ۲۴۔ درج ذیل انگریزی عبارت کا اُردو ترجمہ تحریر کیجیے۔ [۵]

Human beings are animals, but we are different from other animals because of our ability to talk. However, we can also communicate in many other ways. For example; a smile is a sign that a person is happy.

س ۲۵۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔ [۱۵]

الف۔ درختوں کا ماحول کی صفائی میں کردار

یا

ب۔ کل صبح کا اخبار میرے سامنے تھا اور میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Scanned by CamScanner

س۲۶: دوست کے نام ۱۵۰ الفاظ مشتمل خط لکھ کر اپنا گھر تبدیل ہونے کی اطلاع دینے کے ساتھ اُسے اپنے گھر آنے کی دعوت بھی دیجیے۔ [۱۰]

یا

'کر بھلا، ہو بھلا' کے عنوان پر ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل کہانی تحریر کیجیے۔

Scanned by CamScanner